مشترکہ پریس ریلیز: انسداد دہشت گردی پر ہندوستان-یورپی یونین کے مشترکہ ورکنگ گروپ کا 14واں اجلاس

09 مئی 2024

یورپی یونین اور ہندوستان نے 07 مئی 2024 کو نئی دہلی میں اپنا 14 واں انسداد دہشت گردی مذاکرے کا انعقاد کیا۔

2. یہ مذکرہ ای یو-ہندوستان اسٹریٹجک پارٹنرشپ کے اس اہم عنصر پر تعاون کو جاری رکھنے اور بڑھانے کا ایک موقع تھا۔ یورپی یونین اور ہندوستان نے دہشت گردی کی تمام شکلوں اور مظاہر کی سخت مذمت کی اور انسداد دہشت گردی کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس تناظر میں انہوں نے اتفاق کیا کہ اقوام متحدہ اور گلوبل کاؤنٹر ٹیررازم فورم (جی سی ٹی ایف) جیسے کثیر الجہتی فورمز میں تعاون انتہائی اہم ہے۔

3. اجلاس نے علاقائی خطرات کے جائزوں، انسداد دہشت گردی کی پالیسی میں اہم پیش رفت، بشمول ریاستی سرپرستی اور سرحد پار دہشت گردی، دہشت گردی کی مالی معاونت کا مقابلہ، آن لائن بنیاد پرستی کو روکنے اور نئی اور خلل ڈالنے والی ٹیکنالوجیز کے اثرات پر تبادلہ خیال کرنے اور خطرے کے لیے ان کے نتائج اور دہشت گردی کا مقابلہ کرنے میں ان کا استعمال کا موقع فراہم کیا۔

4. یورپی یونین اور ہندوستان نے ہندوستانی اور یورپی قانون نافذ کنندگان حکام کے درمیان تعلقات کو گہرا کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اس تناظر میں انہوں نے یوروپول اور انڈین سنٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) کے درمیان فعال اہتمام پر دستخط کا خیر مقدم کیا۔

5. انہوں نے معلومات کے تبادلے، صلاحیت سازی، قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مضبوط بنانے اور عدالتی شراکت داری کے ذریعہ انسداد دہشت گردی کے تعاون کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

6. مذاکرے کی مشترکہ صدارت یورپی ایکسٹرنل ایکشن سروس میں سیکورٹی اور دفاعی پالیسی کے ڈائریکٹر اور جوانیکے بالفورٹ اور سفیر، ہندوستان کی وزارت خارجہ میں انسداد دہشت گردی کے جوائنٹ سکریٹری کے ڈی دیول کی جبکہ COTER ورکنگ گروپ کے یورپی یونین کے بیلجیئم پریزیڈنسی کے سربراہ نکولس نیہون نے بھی اس بات چیت میں حصہ لیا۔

7. یورپی یونین اور ہندوستان نے برسلز میں کاؤنٹر ٹیررزم پر جوائنٹ ورکنگ گروپ کے اگلے دور کے انعقاد پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

09 مئی 2024